

## فوری مدد تلاش کریں

بہت سی وجوہات کی بناپر صرف عورتیں ہی نہیں مرد بھی اپنی بیویوں،جنسی ساتھی یا اُن کے خاندان والوں کی طرف سے تشدد کا نشانہ بن سکتے ہیں۔دوسری طرف ازدواجی یا جنسی ساتھی خاندان کے ہر فرد کے لیئے زبردست نقصان کا باعث بنتا ہے۔اس لیئے اگر آپ اپنے ازدواجی ساتھی یا جنسی ساتھی کی طرف سے تشدد کا شکار ہیں تو اپنے لیئے اور اپنے خاندان کے جملہ افراد کے لیئےسماجی بہبود کے ادارے(سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ)کے خاندانی اور بچوں کے تحفظ کے یونٹ تک رسائی حاصل کریں، یا پھرسماجی بہبود کے ادارے(سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ)کی ہاٹ لائن(2343 2255)پر نمبر ملائیں۔ **فوری مدد کی تلاش سےازدواجی ساتھی یا جنسی ساتھی کےتشدد کو روکنےمیں مدد ملتی ہے!**

## تشدد کا شکار مردکہاں سے مدد حاصل کرسکتے ہیں؟

ہانگ کانگ میں مظلوموں کو (اُن کی جنس، عمر، نسل ،جنسی سمت وغیرہ کی تفریق کے بغیر) تشددد پسندوں اور اُن کے خاندان والوں جوازدواجی ساتھی یا جنسی ساتھی کےتشدد سے متاثر ہیں کی سماجی بہبود کے ادارے(سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ)، پولیس، تنظیموں، قانونی مدد کے شعبے وغیرہ کے ذریعے مدد کی مختلف خدمات مہیا کی جاتی ہیں اگر آپ پر تشدد کیا جاتا ہے تو مندرجہ زیل خدمات کے یونٹ آپ کی ضروریات کے مطابق آپ کو اور اُن خاندان کے افراد کو مختلف قسم کی خدمات مہیا کریں گے



## ہاٹ لائن کی خدمات
## (Hotline Services)

آپ ہاٹ لائن خدمات کا استعمال(2343 2255) سماجی بہبود کی معلومات اور ہر وقت مشورے اور رہنمائی کے لیئے کر سکتے ہیں۔ ان ہاٹ لائنوں جن کو ایس ڈبلیو ڈی ہاٹ لائن کہا جاتا ہے پر سماجی کارکن کام کرتے ہیں یا پھر کال کی منتقلی کے نظام کے ذریعے ٹُنگ واہ گروپ آف ہسپتال کی ہاٹ لائن اور رسائی کی خدمات والی ٹیم چلاتی ہے



## خاندان اور بچوں کے تحفظ کے خدماتی یونٹ
## (Family and Child Protective Services Units - FCPSUs)

ایس ڈبلیو ڈی کے خاندان اور بچوں کے تحفظ کے خدماتی یونٹ (ایف،سی،پی،ایس،یوز) اصل میں ماہرین کے یونٹ ہیں جنہیں سماجی کارکن چلاتے ہیں جو مظلوموں ، تشدد پسندوں اور اُن کے خاندانوں،زدوکوب کے شکار بچوں اورازدواجی ساتھی یا جنسی ساتھی کے تشدد کا شکار ازدواجی جوڑوں کو مختلف قسم کی خدمات مہیا کرتے ہیں۔مختلف کیسوں کی ضروریات کے مطابق سماجی کارکن مدد کو پہنچتے ہیں، سماجی تحقیقات، بحران میں مداخلت،معاملے کے حل کا مشورہ اور اجتماعی معالجہ وغیرہ کرتے ہیں۔ یہ عدالتی احکامات کے مطابق بچوں کی نگہداشت بھی کرتے ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو مالی امداد، رہائش ،قانونی مدد،نفسیاتی مدد اور سکول کے انتظامات وغیرہ کی بھی سفارش کی جاتی ہے۔ کسٹڈی اور نگرانی کے معاملات سے متاثرہ بچوں کو تحفظ فراہم کرنے کے علاوہ ایف سی پی ایس یوز عدالت کے حکم کے مطابق سماجی تحقیقاتی رپورٹ تیار کرے گی اور ان بچوں کی نگہداشت کرے گی جن کو دیکھ بھال کی ضرورت ہو



## خاندانی خدمات کے متحدہ مراکز
## (Integrated Family Service Centres - IFSCs)

ان خاندانی خدمات کے متحدہ مراکز(آئی ایف ایس سیز) ،کو چلانے والے ایس ڈبلیو ڈی اور غیر حکومتی ادارے معاشرے میں انفرادی اور اجتماعی سطح پر انواع اقسام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے زیرک، مکملاور مقررہ خدمات مہیا کرتے ہیں۔ یہ ایک خاندانی ذدائع کا یونٹ،خاندانی امدادی یونٹ اور خاندانی مشورے کے یونٹ پر مشتمل ہیں۔ ضرورت مند خندانوں اور انفرادی افراد کے لیئےمختلف انواع کی خدمات مہیا کی جاتی ہیں جن میں خاندانی زندگی، تعلیم، بچوں اور والدین کی سرگرمیاں، معلوماتی خدمات، رضاکاروں کی تربیت، رسائی کی خدمات، باہمی رہنمائی کے گروپ، مشورے اور سفارش کی خدمت وغیرہ خدمت کے گھنٹوں میں بڑھوتی کے ساتھ

## خاندانی تشدد کے شکار مظلوموں کے لیئے امدادی پروگرام
## (Victim Support Programme for Victims of Family Violence)

سماجی کارکنوں کے اشتراک کے ساتھ پو لینگ کوک کاچوئی لام سینٹر خاندانی تشدد کے شکار مظلوموں کے لیئے امدادی پروگرام پورے علاقے میں مہیا کرتا ہےپروگرام کا مقصد مختلف اقسام کی خدمات مہیا کر کےجیسا کہ معلومات، جذباتی مدد، اور تحفظاتی احساس (جب اُنہیں قانونی عمل، اور زندگی میں اچانک تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑے)اُن کے خوف بے مدد گاری اور نااُمیدی کے احساس کو کم کرنا ہے۔ آپ اپنی سماجی کارکن سے مدد کے لیئے رسائی کر سکتے ہیں۔



## عارضی رہائش کی سہولیات
## (Temporary Accommodation Services)

**مختلف قسم کے بحرانوں میں مداخلت اور مدد کا سینٹر( بحران کو روکنے کا سینٹر)**
**(Multi-purpose Crisis Intervention and Support Centre)**
**(CEASE Crisis Centre)**

بحران کو روکنے کا سینٹر ہسپتالوں کا ٹُنگ واہ گروپ چلاتا ہے، یہ ایک طرح کا بحران کو روکنے امدای خدمت کی قسم ہے۔ اس کا مقصد جنسی تشدد کا شکار بالغوں کی زیرک خدمت اور انفرادی یا بحران اور خاندانی تشدد کا شکار خاندانوں کی امداد-خدمات میں ایک 24 گھنٹوں کی ہاٹ لائن، بحران میں مداخلت یا جنسی تشدد کا شکار بالغ افراد اور بزرگوں پر ظلم کے سلسلے میں فوری رسائی۔ دوسری ضروری خدمات کے لیئے سفارشات اور یا اُن مظلوموں کی انفرادی یا بحران کا شکار خاندانوں کے لیئے عارضی رہائش کا بندوبست جو عارضی طور پر گھر جانے کے لائق نہ ہوں

**خاندانی بحران کی امداد کا سینٹر**
**(Family Crisis Support Centre - FCSC)**

خاندانی بحران کی امداد کا سینٹر کیری ٹاس ہانگ کانگ والے چلاتے ہیں، جن کا مقصدآسان اور دستیاب سہولیات کا پیکج انفرادی یا بحران اور پریشانی کا شکار خاندانوں کو مہیا کرکےخاندانی بحران کو ابتدائی سطح پر حل کرنا۔جو خدمات مہیا کی جاتی ہیں ان میں 24 گھنٹوں کی ہاٹ لائن، مختصر عرصے کے لیئے فوری مداخلت جس میں رات کا قیام، عارضی علاج اور دوسری امدادی خدمات شامل ہیں

# فوری مدد ڈھونڈیں ازدواجی ساتھی یا جنسی ساتھی کوتشدد سے روکیں

## تشدد کا شکار مردوں کے لیئے خدمات

# Seek Early Assistance Stop Spouse/Cohabitant Battering

## Services for Battered Men




Urdu
October 2013

社會福利署
Social Welfare Department



### عارضی پناہ گاہ یا شہری ہوسٹل اکیلے افراد کے لیئے
### (Temporary Shelter/Urban Hostel for Single Persons)

اگر عارضی رہائش درکار ہو تو آپ سماجی کارکنوں کی سفارش سے عارضی پناہ گاہ یا شہری ہوسٹل کے لیئے درخواست دے سکتے ہیں۔ شہری ہوسٹل اکیلے افراد کو کچھ عرصے کے لیئے رہائش مہیا کرتے ہیں، اور ضرورت مند افراد کو مستقل رہائش ڈھونڈنے میں مدد اور رہنمائی کرتے ہیں



### مشفقانہ آباد کاری
### (Compassionate Rehousing)

مشفقانہ آباد کاری ایک طرح کی گھر کی امداد ہے، جس کا مقصد انفرادی اور خاندان کی بنیاد پر مدد کرنا جن کو حقیقی اور فوری گھر کی ضرورت ہو اور وہ خود سے اسے حل نہ کر سکتے ہوں۔ اس سکیم کےتحت ان لوگوں کی مدد کے لیئے جن کی طلاق کا مقدمہ چل رہا ہو(بشمول اپنے جوڑے سے زدوکوب کے شکار افراد کے لیئے) اورحقیقی گھر کی ضرورت جب وہ طلاق کی درخواست کے لیئے کورٹ کے فیصلے کا انتظار کر رہے ہوں۔ ضرورت مند افراد متعلقہ سماجی کارکنوں کو درخواست دے سکتے ہیں



### نفسیاتی کلینک کا یونٹ
### (Clinical Psychology Unit)

اگر آپ جذباتی طورپر پریشان ہوں تو آپ سماجی بہبود کے خاندان کی خدمت کے متحدہ مراکز یا غیر حکومتی تنظیموں سے اس نفسیاتی کلینک کے یونٹ کی طرف رابطہ کرنے کی سفارش کرائیں۔ یہ نفسیاتی کلینک کا یونٹ آپ کو حسب ضرورت انفرادی مشورہ یا گروہی تھراپی کرے گا

### سماجی تحفظ کے فیلڈ یونٹ
### (Social Security Field Units)

کمپری ہینسیو سوشل سیکورٹی امداد(سی ایس ایس اے) یعنی جامعہ سماجی تحفظ کی امدادی سکیم ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنے کے مقصد کے لیئے بنائی گئی ہے۔ اس کی اہلیت کے لیئے درخواست گزار کا سات سال ہانگ کانگ میں رہائش پزیر ہونا ضروری ہےـنازک حالات میں یہ امداد سماجی بہبود کے ڈائریکٹر کی منظوری سے ایسے درخواست گزار کو بھی دی جا سکتی ہے جو معیار پہ پورا نہیں اُترتا۔ اگر آپ سی ایس ایس اےکی درخواست دینا چاہتے ہیں تو اپنے سماجی کارکن سےسفارش کے لیئے رابطہ قائم کریں یا پھر ایس ڈبلیو ڈی کے سماجی تحفظ کے فیلڈ یونٹ سے رابطہ قائم کریں

### قانونی مدد کا محکمہ
### (Legal Aid Department - LAD)

اگر آپ کا ازدواجی جوڑا یا جنسی ساتھی آپ کا ستاتا ہے تو آپ قانونی کاروائی کے لیئے قانونی مدد کے محکمے سے مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کورٹ سے تاکیدی حکم اور اگر خواہش ہو تو طلاق کی درخوست دے سکتے ہیں۔ قانونی امداد کی اہلیت کے لیئے آپ کو میرٹ اور آمدن کے جائزے پر پورا اُترنا ہو گا۔ہنگامی درخواست کے لیئے قانونی امداد کا محکمہ تاکیدی حکم کے لیئے ایل اے ڈی جتنی جلد ممکن ہو آمدن کے جائزے اور حلفیہ بیان کے لیئے انٹرویو کا بندوبست کرے گا



### ہانگ کانگ پولیس فورس
### (Hong Kong Police Force)

گھریلو تشدد کی تمام شکایات کی رپورٹ، جانچ اور کاروائی ہانگ کانگ پولیس فورس کرے گی۔عام حالات میں یہ رپورٹ کسی بھی پولیس اسٹیشن میں پولیس کی ہاٹ لائن 2527 7177 پر کسی بھی پولیس افسرکو براہ راست رپورٹ کر سکتے ہیں۔ہنگامی حالات میں مدد طلب کرنے کے لیئے عوام 999 ڈائل کر سکتے ہیں۔ مظلوموں اور اطلاع دینے والے افراد کی معلومات کو مخفی رکھا جائے گا

*جرائم کے قانون کے مطابق (کیپ 200) اور کسی شخص کے خلاف تعدی قانون کے تحت اگگر کوئی شخص (کیپ 212) کسی کو جسمانی گزند دیتا ہے یا اُس کو دھمکاتا ہے خواہ وہ اُس کا ازدواجی یا جنسی ساتھی ہی کیوں نہ ہو تو وہ ایک جرم کرتا ہے جس پر اُسے قید بھی ہو سکتی ہے*

